FCPS

Fairfax County Public Schools
8115 Gatehouse Road
Falls Church, VA 22042

ایلیمینٹری اسکول کی تعلیمی ترقی کی رپورٹ - خاندان کیلئے تعارفی خط

عزیز والدین اور سرپرست:

آپ کے طالبعلم نے حال ہی میں تعلیمی ترقی کی اسیسمنٹس میں حصہ لیا ۔ ریاستی مقننہ اسکول ڈویژنوں سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ گریڈ 3-8 میں مطالعہ اور ریاضی میں تعلیمی سال کے دوران طالبعلموں کی ترقی اور پیش رفت کی پیمائش کریں ۔ فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) گریڈ 1-6 کے لئے iReady ریاضی ٹیسٹ اور گریڈ 3-6 کے لئے iReady ریڈنگ ٹیسٹ (https://www.fcps.edu/academic-screening-growth-and-diagnostic-tests) کا استعمال کرتے ہوئے ایلیمینٹری اسکولوں میں طلباء کی ترقی کو مانیٹر کرتا ہے ۔ iReady اسیسمنٹس ورجینیا کے تعلیمی معیارات سے مطابقت رکھتی ہیں اور گریڈ کی سطح کی مہارتوں کی پیمائش کرتی ہیں ۔ طلباء اسکول کے سال کے دوران 2-3 بار iReady ٹیسٹ دیتے ہیں تاکہ اساتذہ ان کی مہارت میں پیش رفت کو دیکھ سکیں ۔

اس تعارفی خط کے ساتھ منسلک ایک iReady انفرادی ترقی کی رپورٹ ہے ۔ یہ رپورٹ اس تعلیمی سال سے آپ کے طالبعلم کے لئے تمام iReady نتائج کو ظاہر کرتی ہے ، جیسا کہ نیچے دی گئی تصویر میں دکھایا گیا ہے ۔ ہر ونڈو کے لئے ، آپ کے طالبعلم کی رپورٹ **(1)** نیلی بار اور **(2)** پلیسمنٹ لیول فراہم کرتی ہے جو بتاتی ہے کہ آپ کے طالبعلم نے **(3)** آن گریڈ سطح کی توقعات کے سلسلے میں مجموعی طور پر کس طرح کارکردگی کا مظاہرہ کیا ، جسے سبز رنگ کے طور پر دکھایا گیا ہے ۔ مزید برآں ، **(4)** قومی معیار پرسنٹائل اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ آپ کے طالبعلم کی کارکردگی قومی سطح پر ساتھیوں کے مقابلے میں کیسی ہے ۔ آخر میں ، **(5)** ڈومین ٹیبل دکھاتا ہے کہ آپ کے طالبعلم نے مخصوص مہارت کے شعبوں میں کس طرح کام کیا ۔ وہ طلباء جو FCPS 40 ویں پرسنٹائل بینچ مارک سے کم نمبر حاصل کرتے ہیں یا تشویش کے ڈومین علاقوں کو ظاہر کرتے ہیں ، ضرورت کے مطابق اضافی ڈائگناسٹک اسیسمنٹس اور ٹارگٹڈ مداخلت واصلاحات حاصل کرسکتے ہیں ۔

Domain	Test (08/28/24)	Test (01/22/25)
Overall	At Grade 4	At Grade 4
Phonological Awareness*	Max Score	Max Score
Phonics*	Max Score	Max Score
High-Frequency Words*	Max Score	Max Score
Vocabulary	At Grade 4	At Grade 4
Comprehension: Literature	At Grade 4	At Grade 4
Comprehension: Informational Text	At Grade 4	At Grade 4

اپنے طالبعلم کی iReady تعلیمی ترقی کی رپورٹ کا جائزہ لیتے وقت ، مندرجہ ذیل سوالات مدنظر رکھیئے:

- **میرا طالبعلم وقت کے ساتھ کس طرح ترقی کر رہا ہے؟** مقصد یہ ہے کہ آپ کے طالبعلم اپنی تعلیم میں پیش رفت کریں ۔ جب ایک طالبعلم کے پاس سال کے لئے ایک سے زیادہ ٹیسٹ کے نتائج ہوتے ہیں تو ، نیلی بار دکھاتی ہیں کہ کس طرح طالبعلم گریڈ کی سطح کی مہارت کے ساتھ بڑھ رہا ہے اور زیادہ اعلیٰ یا ایڈوانسڈ تصورات کی تیاری کر رہا ہے ۔
- **اگر میرا طالبعلم گریڈ کی سطح کی توقع سے کم کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے تو کیا ہوگا؟** یہ بہت سی وجوہات کی بنا پر ہوسکتا ہے ، جیسے ٹیسٹ کے دن کے عوامل مثلاً تناؤ یا توجہ ہٹنا ۔ اساتذہ طالبعلم کی کارکردگی کو سمجھنے کے لئے متعدد ڈیٹا پوائنٹس کا استعمال کرتے ہیں اور ضرورت کے مطابق سیکھنے میں تیزی لانے کے لئے تدریسی معاونت کی منصوبہ بندی کرتے ہیں ۔ ایک ٹیسٹ کے اسکور سے زیادہ اہم یہ یقینی بنانا ہے کہ آپ کا طالبعلم سال کے آخر تک گریڈ کی سطح کی توقعات کو پورا کرنے یا اس سے بڑھنے کے لئے سیکھتا اور پیش رفت کرتا رہے ۔
- **اگر میرے طالبعلم کا اسکور پچھلے ٹیسٹ سے کم ہوجائے تو کیا ہوگا؟** کم اسکور کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کے طالبعلم نے نہیں سیکھا یا مہارت کھو دی ۔ اسکور تناؤ ، توجہ ہٹنے ، یا کسی دوسری جگہ پر ٹیسٹ دینے جیسی چیزوں سے متاثر ہوسکتے ہیں ۔ اساتذہ طالبعلم کی ترقی کو سمجھنے کے لئے متعدد ڈیٹا پوائنٹس کا استعمال کرتے ہیں اور ضرورت کے مطابق سیکھنے میں تیزی لانے کے لئے تدریسی معاونت کی منصوبہ بندی کرتے ہیں ۔

گریڈ کی سطح کی توقعات اور ٹیسٹ ڈومینز کی وضاحت کے بارے میں مزید معلومات iReady ٹیسٹ انفارمیشن ویب پیج (https://www.fcps.edu/us) پر دستیاب ہیں ۔ اگر آپ اپنے بچے کے مطالعہ یا ریاضی میں مضبوطی اور ضروریات سے متعلق کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی اپنے بچے کے استاد سے رابطہ کیجیئے ۔ اگر آپ کا طالبعلم انگلش فار لینگوئج ڈیویلپمنٹ (ELD) خدمات سے استفادہ کرتا ہے ، تو ذہن میں رکھیئے کہ iReady ٹیسٹ انگریزی زبان میں ہوتے ہیں ۔ انگریزی زبان میں ترقی کی پیش رفت سے متعلق ، معلومات حاصل کرنے کے لیے ، اپنے طالبعلم کے ESOL استاد سے رابطہ کیجیئے ۔